بسم اللہ الرحمن الرحیم

باذن اللہ تعالی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

🕌🌼🕌🌼🕌🌼🕌🌼

📆 Monday, 9 July 2018

📼LEC BY USTAZA

DR. FARHAT HASHMI

📘Haya ala salah

🌼Lesson # 5 part c

🕌Topic: wudu ka tareeqa, Mas'sah karna

🕌🌼🕌🌼🕌🌼🕌🌼

🕌 مَسح کرنا

🌼مَسح تین طریقہ سے کیا جا سکتا ہے۔

۱ دونوں ہاتھوں کو سر کے اگلے حصے سے پیچھے لے جانا اور پیچھے سے آگے لانا. یعنی سر کے ابتدائی حصے سے دونوں ہتھیلیاں پیچھے گُدّی تک لانا پھر وہاں سے واپس ابتدائی حصے کی طرف لے جانا.

۔ سر کے اگلے حصے سے شروع کرتے ہوئے بالوں کی سمت میں سارے سر کا مَسح کرنا یعنی اوپر سے سر کا مَسح شروع کر ۲ کے ہر جانب سے بالوں کی لٹوں کے رخ پر لے جاتے ہوئے مَسح کرنا کہ بالوں کی ہیئت تبدیل نہ ہو اور پچھلے حصے سے واپس آگے نہ لانا.

۔دونوں ہاتھوں کو سر کے پچھلے حصے سے آگے لان اور آگےسے پیچھے لے جانا۳

کان صاف کرنا 🕌

شہادت کی انگلیاں کانوں کے سوراخوں میں ڈال کر کان کے اندر (سامنے کا حصّہ) کامَسح کرنا اور انگوٹھوں سے کان کے باہر (پچھلے حصے) کامَسح کرنا کہ کان کے اندرکے سارے بَلوں میں انگلی کو پھیرا جائے.

کان چونکہ سر میں ہی شامل ہیں لہٰذا ایک ہی دفعہ پانی لینا. 🌼

پاؤں دھونا 🕌

پہلے دایاں پاؤں پھر بایاں پاؤں دھونا ہے. ٹخنوں تک تین دفعہ پہلے دایاں پھر بایاں پاؤں دھونا۔

بائیں ہاتھ سے مَل کر دھونا 🌼

▪دائیں ہاتھ سے پانی ڈالیں اور بائیں ہاتھ سے مَل کر دھوئیں۔

▪چَھنگلی (چھوٹی انگلی) سے پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرنا۔

انگلیوں کا خلال کرنا مستحب ہے.

ایڑھیاں دھونا 🕌

مفہومِ حدیث ہے کہ نبیﷺ نے فرمایا خشک ایڑھیوں کے لیے آگ کا عذاب ہے.

پاؤں دھونے میں مبالغہ 🕌

نبیﷺ نے فرمایا مفہومِ حدیث

قیامت کے دن تم لوگ وضو کی وجہ سے روشن چہروں اور سفید چمک دار ہاتھ پاؤں والے ہوگے لہذا جو چاہے اپنی اس سفیدی کو بڑھالے

🕌 بزرگ لوگوں کا وضو

🌼 بزرگی کی عمر معذوری کی عمر ہے لہٰذا بزرگ کرسی پر بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر پاؤں دھولیں۔ اچھے سے ہاتھ نہ مَلا جائے تو ایڑھی زمین سے مَل لے معذوری میں آسانی ہے

🕌 پانی خشک کرنا

🌼 بی بی عائشہؓ سے مروی ہے کہ نبیﷺ رومال سے پانی خشک کرلیا کرتے تھے.

(مفہومِ حدیث)

▪ وضو کے بعد تشبیک (انگلیوں میں انگلیاں ڈالنا) نا پسندیدہ ہے

🌼🕌🌼🕌🌼🕌🌼🕌🌼🕌

🕌 Masah karna

🌼 Masah 3 tareequn say kia ja skta hai.

1. Dono hathoun ko sar ke agly hisy say pechy ly jana or pechy say aagy lana. yani sar k abtadai hisy say dono hathelian pechy gudi tak lana phir waha say dono hathelian wapis abtadai hisy ki trf ly jana.

2. Sar ke agly hisy say shuru krty huy baloun ki simt main sary sar ka masah karna yani upar sy sar ka masah shuru kar ke har janib say baloun ki latoun ke rukh par ly jaty howy masah krna ke baloun ki haiyat tabdeel na ho or pichly hisy say wapis agy na lana.

3. Dono hathoun ko sar ke pichly hisy say aagy lana or aagy say pechy ly jana.

🕌 Kaan saaf karna

Shahadat ki unglian kaanun ke surakhon main daal kar kaan ke andar (samny ka hisa) ka masah karna or angothon say kaan my bahar (pichly hisy) ka masah krna ke kaan ke andar ke sary bloun main ungli ko phera jay.

🌼 Kaan chon ke sar main hi shamil hai lyhaza aik hi dafa pani layna.

🕌 Paoun dhona

phly dayan paoun phir bayan paoun dhona hai. takhno tak 3 dafa phly dayan phir bayan paoun dhona.

🕌 Bayen hath say mal kar dhona

▪Dayen hath say pani dalen or bayen hath say mal kar dhoain.

▪Changli (choti ungli) say paoun ki unglion ka khalal krna.

▪Unglion ka khalal krna mustahab hai.

🕌 Ahreeyan dhona

Mafhum e Hadees hai ke Nabi SAW ny farmaya khushk ahreeyoun ke liay aag ka azab hai.

🕌 Paoun dhony main mubalgha

Nabi SAW ny farmaya Mafhum e Hadees

Qyamat ke din tum log wuzoo ki waja say roshan chahron or safaid chamkdar hath paoun waly ho gy lyhaza jo chahy apni is safaidi ko barha lay.

🕌 Bazurg logon ka wuzoo

Bazurgi ki ummar mazuri ki umar hai lyhaza bazurg kursi par beath kar yah khary ho kar paoun dho lain. Achy say hath na mala jay to ehree zameen say mal lain

mazuri main asani hai.

🌼 Pani khushk karna

Bibi Ayesha RA say marwi hai ke Nabi SAW roumal say pani khushk kar liya karty thy.

(Mafhum e Hadees)

🌼 Wuzoo ke baad tashbeek (unglion main ungliyan dalna) na-pasndeda hai.

🌼🕌🌼🕌🌼🕌🌼🕌🌼🕌